# ڈائریکٹر رپورٹ برائے ممبران

کمپنی کے ڈائرکٹرز 30 جون 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور آڈٹ شدہ کمپنی حسابات کی تفصیل پیش کرتے ہیں۔

## 1۔ مالیاتی نتائج

کمپنی نے زیر جائزہ سال کے دوران درج ذیل عملی نتائج حاصل کئے ہیں۔

| | 2019 (Rs.'000s) | 2018 (Rs.'000s) |
|---|---|---|
| ٹیکس سے پہلے منافع | 43,679 | 33,580 |
| ٹیکس | 30,545 | 21,223 |
| ٹیکس کے بعد منافع | 13,134 | 12,358 |
| آمدنی فی حصص | 2.32 | 2.18 |

## 2۔ آپریشنز کا جائزہ

جائزے کے تحت سال کے دوران واشڈ آئل کی کل پیداوار 10,797 میٹرک ٹن، کھل چورہ اور صابن 43,007 میٹرک ٹن رہی جبکہ پچھلے سال واشڈ آئل کی پیداوار 12,610 میٹرک ٹن اور کھل چورہ اور صابن کی کل پیداوار 41,884 میٹرک ٹن رہی۔

اسی طرح برائے سال واشڈ آئل کی فروخت 11,337 میٹرک ٹن اور کھل چورہ اور صابن کی فروخت 42,257 میٹرک ٹن رہی جبکہ گذشتہ سال واشڈ آئل کی فروخت 13,561 میٹرک ٹن اور کھل چورہ اور صابن کی فروخت 43,011 میٹرک ٹن تھی۔

زیر جائزہ سال کے دوران ہماری فروخت میں 12.00% فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور انتظامیہ نے تمام معاشی، عمومی رکاوٹوں اور بڑھتی ہوئی خام مال کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکس کے بعد خالص منافع 13.134 ملین روپے کمانے پر نہایت خوشی کا اظہار کیا ہے۔ کمپنی انتظامیہ نے مارکیٹ میں اپنا حجم بڑھانے کے لئے جو اقدامات کئے ہیں وہ قابل ستائش ہیں اس سے وسیع پیداوار کی کھپت ہو جائیگی۔ قلیل مدتی قرضے، درآمدی خام مال میں اضافے اور شرح سود میں اضافے کی وجہ سے مالیاتی لاگت میں اضافہ ہوا۔

## 3۔ سات (7) سالوں کے اہم آپریٹنگ اور مالی اعداد و شمار کا خلاصہ

| | 2103 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت | 2,298,702,124 | 1,528,661,058 | 1,837,061,912 | 1,421,340,266 | 2,674,122,680 | 3,479,371,550 | 3,890,162,788 |
| فروخت سامان کی قیمت | 2,177,613,704 | 1,435,275,470 | 1,746,878,928 | 1,319,820,100 | 2,543,101,055 | 3,318,027,883 | 3,660,642,454 |
| کل منافع | 121,088,420 | 93,385,588 | 90,182,984 | 101,520,166 | 131,021,625 | 161,703,667 | 229,520,334 |
| آپریٹنگ منافع | 102,812,444 | 69,260,876 | 67,146,549 | 70,515,865 | 91,934,797 | 124,684,768 | 186,778,177 |
| ٹیکس سے پہلے منافع | 55,747,557 | 31,920,290 | 3,271,499 | 15,759,125 | 38,094,460 | 33,580,284 | 43,678,950 |
| ٹیکس کے بعد منافع | 45,915,551 | 24,347,914 | (9,098,091) | 10,536,643 | 20,781,498 | 12,357,693 | 13,134,221 |
| اداشدہ سرمایہ | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 | 56,584,000 |
| موجودہ اثاثہ جات | 767,729,585 | 600,257,189 | 928,070,722 | 1,028,704,761 | 1,384,709,725 | 1,199,535,510 | 1,707,629,660 |
| موجودہ واجبات | 524,387,797 | 320,313,973 | 662,299,145 | 727,933,015 | 1,070,407,139 | 882,182,269 | 1,366,839,957 |

